Leicestershire Partnership
NHS Trust

یونیورسٹی ٹیچنگ اور فعال تحقیق کا ٹرسٹ
Bridge Park Plaza
Bridge Park Road
Thurmaston
Leicester
LE4 8PQ
www.leicspart.nhs.uk
دسمبر 2023 – جولائی 2024

ٹیلی فون: 0300 3000 007
ای میل: lpt.sais@nhs.net

محترم والد/والدہ/نگہداشت کار اور کم سن نوجوان،

**کم سن نوجوانوں کے لیے 3-اِن-1 بوسٹر اور گردن توڑ بخار کی ویکسینیشن کا پروگرام**

ہم اسکول کے ایئر 9 (13 سے 14 برس کی عمر والے) اور اس سے بالائی سالوں کے کم سن نوجوانوں کے لیے دو اہم ویکسینز کو حاصل کرنے کی پیشکش کر رہے ہیں، جو کہ انہیں اُس تحفظ کی تکمیل یا اسے جاری رکھنے میں مدد دیتی ہیں جو کہ انہیں ویکسینشن پروگرام برائے اطفال کے طور پر میسر تھا۔ یہ ویکسینز تیزی کے ساتھ اوپری بازو میں لگائی جاتی ہیں اور انہیں سیکنڈری اسکول کے دوران صرف ایک بار لگانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ معمول کی **ویکسینز مفت، محفوظ اور موثر** ہیں۔ یہ ہیں:

- **3-اِن-1 ٹین ایج بوسٹر ویکسین،** جو کہ تشنج، خناق، پولیو (Td/IPV) کے خلاف تحفظ دیتی ہے۔ یہ تمام بیماریاں مہلک شکل اختیار کرنے کا امکان رکھتی ہیں اور یہ سانس لینے میں مسائل، اعصابی نظام کو متاثر کرنے اور سنگین نوعیت کے نقصانات کا باعث ہو سکتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے وزٹ کریں: tiny.cc/boosterleaflet
- **گردن توڑ بخار کی ACWY ویکسین، جو گردن توڑ بخار کی اقسام** A، C، W اور Y کے خلاف تحفظ دیتی ہے جو کہ گردن توڑ بخار (دماغ کی جھلی کی سوزش) اور عفونتِ خون (خون میں زہر پھیلنے) کا باعث بنتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے وزٹ کریں: tiny.cc/menacwyleaflet

مندرجہ بالا بیماریوں میں سے کسی کا بھی کوئی علاج موجود نہیں، لہٰذا بچاؤ کا واحد طریقہ ویکسین لگوانا ہے۔

## رضامندی کے عمل میں اہم تبدیلی: کم سن نوجوان اب ویکسینز کے لیے رضامندی دے سکتے ہیں۔

اگر ہمیں والدین یا سرپرست کی جانب سے ویکسینیشنز کے بارے میں رضامندی کا فیصلہ موصول نہ ہوا، تو ایسے میں ویکسین کے دن پر مندرجہ بالا طریقے کو استعمال کرتے ہوئے کم سن نوجوانوں کو ازخود رضامندی کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ یہ پیشکش ہم ایئر 8 اور اس سے بالائی ایئر میں موجود صرف ان کمسن نوجوانوں کو کریں گے، جو موزوں ویکسین کے بارے میں معلومات کا مطالعہ کر چکے ہوں، اور جن کے بارے میں ماہر صحت کی جانب سے یہ تجزیہ کیا جا چکا ہو کہ وہ اس سے وابستہ عمل کو مکمل طور پر سمجھتے ہیں۔ حفاظتی ٹیکہ جات (Immunization) صرف وہی وصول کر سکیں گے جو کہ اس کی وصولی سے مکمل طور پر مطمئن ہوں۔

اگر والدین یا نگہداشت کار نے ردعمل دیا ہے اور رضامندی دینے سے انکار کیا ہے، تو ایسے میں فیصلے کو کمسن نوجوان کی جانب سے مسترد نہیں کیا جا سکتا اور ہم ویکسین نہیں لگائیں گے۔ ہمیشہ کی طرح ہم کمسن نوجوانوں اور ان کے والدین اور نگہداشت کاران کو ترغیب دلاتے ہیں کہ وہ پیشکش شدہ ویکسین کے بارے میں گفتگو کریں اور مل جل کر فارم پُر کریں۔

disability confident EMPLOYER

رضامندی کے بارے میں مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں:
www.leicspart.nhs.uk/service/schoolagedimms یا آپ ذیل میں موجود یہ ویڈیوز ملاحظہ کر سکتے ہیں:




**ویکسینیشنز اور رضامندی کو سمجھنا**
tiny.cc/vaccinationsandconsent




**ہماری طبی رہنما رضامندی کی وضاحت کرتی ہیں**
tiny.cc/selfconsent

اگر آپ کمسن نوجوان کو ویکسین نہیں لگوانا چاہتے تو بھی آپ ہمیں بتا سکتے ہیں۔

## ویکسینیشنز کے لیے اپنی رضامندی کا فیصلہ کیسے دیا جائے

اپنے اسکول کے کوڈ کو نوٹ فرمائیں۔ **[school name]** کے لیے اسکول کوڈ **[school code]** ہے۔


- وزٹ کریں **www.leicsandrutlandimms.co.uk** یا ویب سائٹ پر براہ راست جانے کے لیے اپنے اسمارٹ فون کیمرہ کا استعمال کرتے ہوئے QR کوڈ اسکین کریں۔
- **3-اِن-1 ٹین ایج بوسٹر اور گردن توڑ بخار ACWY** منتخب کریں اور اسکول کوڈ داخل کریں۔
- رضامندی کے فیصلے کے صفحے پر، براہ کرم منتخب کریں:
  - میں اپنے کمسن نوجوان کو ایک یا دونوں ویکسینیشنز لگوانا چاہتا/چاہتی ہوں۔
  - میں اپنے کمسن نوجوان کو کوئی بھی ویکسین نہیں لگوانا چاہتا/چاہتی۔
- فارم جمع کروانے پر آپ ایک تصدیقی ای میل موصول کریں گے۔

اگر آپ فارم آن لائن پُر کرنے کے قابل نہیں، تو براہِ کرم اپنی رابطہ تفصیلات کے ہمراہ فون نمبر **0300 3000 007** پر ہمیں کال کریں یا **lpt.sais@nhs.net** پر ہمیں ای میل کریں۔ اگر رضامندی کے فیصلے کے حوالے سے آپ اپنا ذہن تبدیل کرتے ہیں، تو براہِ کرم تبدیلی کروانے کے لیے اوپر موجود نمبر پر ہم سے رابطہ کریں۔

آپ کا اسکول آپ کو اس بارے میں مطلع کرے گا کہ ویکسین کا سیشن کب منعقد ہو گا۔ **ویکسین کا سیشن منعقد ہونے سے دو کاروباری دن قبل رضامندی کا نظام بند ہو جائے گا۔** اس کے بعد آپ رضامندی جمع کروانے کے قابل نہیں ہوں گے۔

آپ کا خیرخواہ،

حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمت برائے اسکول کی عمر کے افراد

| کثرت سے پوچھے گئے سوالات | |
|---|---|
| کون سی ویکسین کی پیشکش کی جا رہی ہے؟ | 3-اِن-1 ٹین ایج بوسٹر میں موجود ویکسین Revaxis ہے۔<br>گردن توڑ بخار ACWY کے لیے ویکسین Nimenrix ہے۔ |
| مضر اثرات کیا ہیں؟ | تمام ادویات کی طرح، یہ ویکسینز بھی مضر اثرات کا باعث ہو سکتی ہیں، گو کہ تمام افراد کو یہ نہیں لاحق ہوتے۔ کمسن نوجوانوں میں انجیکشن کے مقام پر معمولی سی سرخی پیدا ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ویکسین پراڈکٹ کے لیف لیٹس ملاحظہ کریں۔ |
| میں ویکسین کے پراڈکٹ لیف لیٹ کا کہاں پر مطالعہ کر سکتا/سکتی ہوں؟ | 3-اِن-1 ٹین ایج بوسٹر کے لیے، وزٹ کریں: tiny.cc/3in1pil<br>گردن توڑ بخار ACWY کے لیے، وزٹ کریں: tiny.cc/menacwypil |
| کیا یہ معلومات مجھے ویڈیو کی شکل میں مل سکتی ہیں؟ | ویکسینیشن کے بارے میں ہماری نرسز میں سے ایک کی گفتگو کو سنیں:<br>http://tiny.cc/boosterinfo<br><br> |
| کم سن نوجوان ویکسین کے لیے کیسے تیاری کر سکتے ہیں؟ | 3-اِن-1 ٹین ایج بوسٹر اور MenACWY ویکسینز کے بارے میں ہماری اینیمیشن دیکھیں: tiny.cc/3in1andmenACWYanimation<br><br> |
| کم سن نوجوان سوئی سے خوفزدہ ہے، کیا کوئی معاونت دستیاب ہے؟ | یہ معلومات آپ اپنے رضامندی فارم میں شامل کر سکتے ہیں اور ہماری ٹیم معاونت کے لیے بہترین کوشش کرے گی۔<br>یہ ویڈیو کم سن نوجوانوں کو ان کے ویکسین کے تجربے کے بارے میں دوبارہ یقین دہانی میں مدد کر سکتی ہے: tiny.cc/reassurance – یہ ویڈیو بھی موجود ہے: tiny.cc/toptipsforvaccinations |
| ای میل مماثل نہ ہونے کا پیغام مل رہا ہے یا اسکول کوڈ کو شناخت نہیں کر رہا۔ | یقینی بنائیں کہ ای میل ایڈریس اور اسکول کوڈ سے قبل یا بعد میں کوئی بھی اسپیسز یا رموزِ اوقاف (punctuation) نہ ہوں۔ |
| سیشن کے دن اگر کم سن نوجوان غیرحاضر ہے یا بیمار ہے تو کیا ہو گا؟ | ویکسین لگوانے کے لیے ایک اضافی موقع دستیاب بنایا جائے گا۔ |
| قومی ویکسینیشن پروگرام کیا ہے؟ | مزید جاننے کے لیے وزٹ کریں: www.nhs.uk/conditions/vaccinations |

## ویکسینیشن کی پیشکش کے بارے میں آپ ان زبانوں میں بھی جان سکتے ہیں:

| عربی | فارسی | گجراتی |
|---|---|---|
|  |  |  |
| tiny.cc/boosterinfoarabic | tiny.cc/boosterinfofarsi | tiny.cc/boosterinfogujarati |
| **ہندی** | **پولش** | **پنجابی** |
|  |  |  |
| tiny.cc/boosterinfohindi | tiny.cc/boosterinfopolish | tiny.cc/boosterinfopunjabi |
| **ہسپانوی** | **صومالی** | **اردو** |
|  |  |  |
| tiny.cc/boosterinfospanish | tiny.cc/boosterinfosomali | tiny.cc/boosterinfourdu |

## اگر آپ یہ معلومات کسی دوسری زبان میں حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو وزٹ کریں:

**www.leicspart.nhs.uk/service/schoolagedimms**

| | |
|---|---|
| عربی | ذا كنت ترغب في قراءة هذه الرسالة بلغة أخرى، قم بزيارة موقعنا على الإنترنت |
| گجراتی | જો તમે આ પત્ર ગુજરાતીમાં વાંચવા માંગતા હો તો અમારી વેબસાઇટ પર જાઓ |
| پولش | Jeśli chcesz przeczytać ten list w innym języku, przejdź na naszą stronę. |
| پنجابی | ਜੇ ਤੁਸੀਂ ਇਸ ਪੱਤਰ ਨੂੰ ਕਿਸੇ ਹੋਰ ਭਾਸ਼ਾ ਵਿੱਚ ਪੜ੍ਹਨਾ ਚਾਹੁੰਦੇ ਹੋ ਤਾਂ ਸਾਡੀ ਵੈੱਬਸਾਈਟ 'ਤੇ ਜਾਓ |
| صومالی | Haddii aad jeclaan lahayd inaad ku akhrido warqadan luuqad kale, booqo boggayaga internetka |
| اردو | اگر آپ اردو میں یہ خط پڑھنا چاہتے ہیں تو ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ |
| یوکرینیئن | Якщо ви хотіли б прочитати цей лист іншою мовою, відвідайте |